کنٹونمنٹ بورڈ نوشہرہ

(اشتہار نیلامی برائے سی بی مال-II)

ہر خاص و عام بشمول کاروباری حضرات کی اطلاع کے لیے مشتہر کیا جاتا ہے کہ کینٹونمنٹ بورڈ نوشہرہ اپنی درج ذیل نیا تعمیر شدہ سی بی مال-II کے حقوق کرایہ داری برائے عرصہ پانچ سال ماہانہ کرایہ پر دینے کیلئے نیلام عام مورخہ 24.03.2025 منعقد کر رہا ہے۔ کسی بھی وجہ سے مقررہ تاریخ پر بولی نہ ہونے کی صورت میں نیلامی کی متبادل تاریخ 25.03.2025 کو ہوگی۔ خواہشمند حضرات تاریخ اور وقت مقررہ پر دفتر ہذا میں حاضر ہو کر بولی میں حصہ لے کر موقع سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ سی بی مال-II کی تفصیل درج ذیل ہے۔

نمبر شمار	سی بی مال-II / لوکیشن	زر بیعانہ سی بی مال-II
01	سی بی مال-II (مشتمل بیسمنٹ، گراؤنڈ، فرسٹ فلور)، جی ٹی روڈ نزد پولیس پیٹرول پمپ، نوشہرہ کینٹ	10 لاکھ روپے

شرائط:۔

1۔ نیلامی مقررہ تاریخ کو دن 11:00 بجے شروع ہوگی۔ وہ حضرات جنہوں نے کال ڈیپازٹ بنام کینٹونمنٹ ایگزیکٹیو آفیسر نوشہرہ بمع قومی شناختی کارڈ جمع کروایا ہو وہی بولی میں حصہ لے سکیں گے۔

2- ایسا شخص یا فرم جو کینٹ بورڈ نوشہرہ کا نادہندہ / بلیک لیسٹ یا کسی مقدمہ بازی میں ملوث ہوگا وہ بولی میں حصہ لینے کا مجاز نہ ہوگا۔

3۔ نیلامی ماہانہ کرایہ کی بنیاد پر ہوگی اور ماہانہ کرایہ میں افراط زر کے مطابق یا کم از کم 10 فیصد سالانہ اضافہ کیا جائے گا۔ کرایہ داری حقوق 05 سال کے لیے ہوں گے جو قبضہ کی تاریخ سے شروع ہوگی۔

4۔ سی بی مال- II کو بغیر کسی ساختی تبدیلی کے پورے طور پر نیلام کیا جائے گا ۔ پانچ عدد یونٹس کی بجائے پورا یونٹ نیلام کیا جائے گا۔

5۔ 05 سال کی میعاد ختم ہونے کے بعد کینٹ بورڈ فیصلہ کریگا کہ آیا سی بی مال-II کو مارکیٹ رینٹ سروے / موقع معائنہ کے مطابق دوبارہ نیلام کیا جائے یا موجودہ کرایہ دار کو دیا جائے۔ اگر بورڈ موجودہ کرایہ دار کو سی بی مال-II دینے کا فیصلہ کرتا ہے تو ماہانہ کرایہ میں مارکیٹ رینٹ سروے / موقع معائنہ کے مطابق اضافہ کر کے تجدید کرایہ داری کی مدت میں 02 دفعہ توسیع 05،05 سال کیلئے کر سکتا ہے۔ جس میں ہر توسیع کے پہلے سال مارکیٹ رینٹ سروے / موقع معائنہ کے مطابق یا کم از کم 25٪ اضافہ ہوگا۔ اور اس کے بعد ہر سال 10 فیصد یا مارکیٹ کے موجودہ افراط زر کے مطابق اضافہ ہوگا۔

6۔ اول نمبر اور دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ گان کے علاوہ باقی تمام بولی دہندگان کو ان کے کال ڈیپازٹ نیلامی کے اختتام پر اگلے روز واپس کر دیئے جائیں گے۔

7- قبضہ سی بی مال-II کرایہ داری کی حتمی منظوری بورڈ سے ملنے کے بعد 07 دن کے اندر معاہدہ کرایہ داری کی تکمیل اور تین ماہ کا کرایہ بطور سیکیورٹی جمع کرنے کے بعد دیا جائے گا. بصورت دیگر پہلے سے جمع شدہ زر بیعانہ کی رقم بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط کر لی جائی گی اور سی بی مال-II دوبارہ نیلام کر دی جائے گی۔ جس پر بولی دہندہ کو اعتراض کرنے کا کوئی قانونی حق حاصل نہ ہوگا۔ اور سی بی مال-II دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ کو دیا جائے گا۔ اگر دوسرے نمبر پر آنے والا بولی دہندہ بھی شرائط اور ضوابط پورا کرنے میں ناکام ہوتا ہے تو اُس کا کال ڈیپازٹ بھی بحق کینٹونمنٹ بورڈ ضبط کر لیا جائے گا اور سی بی مال-II دوبارہ نیلام کیا جائے گا۔

8۔ کرایہ ہر ماہ کی 10 تاریخ تک ایڈوانس ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

9- کامیاب بولی دہندہ سی بی مال-II کسی دوسری پارٹی یا فرد کو کرایہ داری حقوق بورڈ کی منظوری کے بعد مجوزہ ٹرانسفر فیس کی ادائیگی کے تحت ٹرانسفر کر سکتا ہے۔ اور کرایہ داری کی بقایا مدت کے لئے نئے کرایہ دار کے ساتھ کرایہ داری کا معاہدہ کیا جائے گا۔

10۔ کامیاب بولی دہندہ حکومت کے مجوزہ قانون کے مطابق انکم ٹیکس ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

11- کامیاب بولی دہندہ اپنے سی بی مال-II کے Utility Bills باقاعدگی سے ادا کرنے کا پابند ہوگا اور کسی قسم کے واجبات کی صورت میں کرایہ دار قانونی طور پر خود ذمہ دار ہوگا

12- زیر دستخطی یا بورڈ وجہ بتائے بغیر بولی کو منظور یا مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

13- کامیاب بولی دہندہ سی بی مال-II کی مرمت اپنے خرچے پر کینٹ بورڈ کی منظوری سے کروائے گا ہر قسم کی صفائی وستھرائی کی ذمہ داری کامیاب بولی دہندہ کی ہوگی۔ کینٹ ایگزیکٹیو آفیسر کو اختیار حاصل ہے کہ وہ خود یا بذریعہ نمائندہ کسی بھی وقت دوکان کا معائنہ کر سکتا ہے۔

14- کینٹونمنٹ بورڈ اور کرایہ دار کے مابین کسی بھی تنازعہ کی صورت میں ڈائریکٹر ملٹری لینڈ اینڈ کینٹونمنٹس پشاور ثالث تصور ہوگا جس کا فیصلہ حتمی ہوگا اور دونوں فریقین اس فیصلے کے پابند ہونگے۔

15- دیگر شرائط سی بی مال-II کے سائز و نقشہ دفتری اوقات میں کنٹونمنٹ بورڈ آفس سے دیکھی یا معلوم کی جا سکتی ہیں۔

16- نیلامی پیپرا رولز 2004 کے مطابق ہوگی اور اشتہار پیپرا ویب سائٹ پر بھی دیکھا جا سکتا ہے۔

المشتہر

کینٹ ایگزیکٹیو آفیسر نوشہرہ کینٹ
0923- 9220089

CamScanner